الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

مَملَكَة البَحرَين
KINGDOM OF BAHRAIN

نواصل بعزم

گھر میں اختیاری سیلف آئسولیشن (خود تنہائی) کا طریقۃ کار

ٹائم لائن

سیلف آئسولیشن کی ابتدا — پہلا دن

سیلف آئسولیشن کا اختتام — دسواں دن

1 گھر میں اختیاری سیلف آئسولیشن کی منظوری کے لئے کلینک کی درجہ بندی

ڈاکٹر متاثر شخص کی جانچ کرے گا اور اس کی حالت کا جائزہ لے گا۔

متاثر شخص کو سیلف آئسولیشن کی ہدایات کی وضاحت کی جائے گی اور اسے طبی سامان فراہم کیا جائے گا (ماسک، دستانے، سینیٹائزر اور حسب ضرورت دوائیں)۔

متاثر شخص کو الیکٹرانک بریسلٹ (کڑا) پہنایا جائے گا تاکہ سیلف آئسولیشن کے شرائط کی خلاف ورزی کو روکا جائے۔

2 مسلسل فالو اپ

فون کے ذریعہ وزارت صحت کے نمائندے متاثر شخص کو باقاعدہ فالو اپ کریں گے، اور (BeAware) ایپلیکیشن کے ذریعے بھی اس کو فالو اپ کیا جائے گا۔

اگر متاثر شخص میں علامتیں ظاہر ہوتی ہیں تو اسے ضروری چیک اپ اور علاج کے لئے آئسولیشن سینٹر بھیجا جائے گا۔

3 آئسولیشن کی تکمیل

گھر میں اختیاری سیلف آئسولیشن کی مدت ختم ہونے کے بعد، جو کہ 10 دن ہے، متاثر شخص قریب ترین ہیلتھ سینٹر جائے اور اپنا فارم جمع کروائے۔

وزارت صحت کے نمائندے الیکٹرانک بریسلٹ (کڑے) کو اتار دیں گے اور پھر سیلف آئسولیشن کی حیثیت ختم ہوجائے گی۔

گھر میں اختیاری سیلف آئسولیشن کی مدت کے اختتام کے بعد 72 گھنٹوں کے اندر علامتیں ظاہر ہونے کی صورت میں ہیلتھ سینٹر سے طبی مشورہ لینا ضروری ہے۔

Urdu